(iii) the matter shall be such as requires the intervention of the Senate;"

So, Sir, this is a very important question, pertaining to the whole nation and the future generation which will govern this country and we also claim that they should be there to govern it. Therefore, this is a very important matter, it should be discussed in this House. It is a matter of serious nature and it is on the increase.

جناب والا! اس مسئلہ میں کوئی کمی نہیں ہو رہی ہے۔ لوگوں کے مقرر کردہ ایسے طلباء ہیں جو ایک ایم اے کر کے' دوسرے ایم اے میں داخلہ لے لیتے ہیں' اور پھر اسی طرح تیسرے ایم اے میں داخلہ لے لیتے ہیں۔ اس طرح سے اس تعلیمی نظام کو اتنا غلط استعمال کیا گیا ہے کہ نام تو یہ لیتے ہیں اسلام کا' نام تو لیتے ہیں ایک فلاحی مملکت کا اور تباہی

کر رہے ہیں اپنے بچوں کی، آئندہ نسل کی۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ جناب سٹیٹ کو اس کی مخالفت نہیں کرنی چاہیئے۔ بلکہ سٹیٹ کو ہماری اس سلسلے میں مدد کرنی چاہیئے۔ گردیزی صاحب سینٹ کو یہ موقع دیجئے کہ اس مسئلہ کو ہم زیر بحث لائیں۔ یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے۔ آپ کے بچے ہیں، میرے بھی بچے ہیں اور لوگ بھی یہاں بچوں والے بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیوں ان کو ان کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ کیوں نئی نسل کو تباہ کیا جارہا ہے۔ کیوں اس قوم کو رسوا کیا جاتا ہے۔ کیا وہ پاکستان کے ساتھ اپنی پرانی دشمنی ابھی تک بھولے نہیں ہیں کہ پاکستان کی مخالفت کے ساتھ ساتھ اب اس طرح سے مخالفت شروع کر دی ہے۔ خدارا، ان کو کہیئے کہ یا تو ملک توڑ دیجئے یا یہ چیزیں بند کر دیں۔ یہ بہت ہی ظلم ہے۔ یہ نا انصافی ہے۔ یہ میری اس قوم کے سامنے فریاد ہے کہ خدارا، ان پر رحم کریں۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of order, Sir, the member is not clear, we can not understand what he is saying about.

Mr. Chairman: Right, I think, he is being sensible.

(interruption)

جناب چیئرمین: جی بہرہ ور سعید صاحب، تشریف رکھیں۔ بات کی سمجھ آ گئی ہے۔

Syed Tasneem Nawaz Gardezi: Mr. Chairman, once again I would like to say that this adjournment motion pertains to Ministry of Education and I have just been asked by the Minister to reply to this adjournment motion because he is busy in the National Assembly. Sir, first I would like to object on certain technical grounds *i.e.*, in the absence of the date of any particular armed clashes in the Quaid-e-Azam University, firstly, they have denied that such clashes took place. The adjournment motion is vague and can not relate to a definite matter. It attracts the application of Rule 75 (b). As stated in the brief no armed clashes in the campus of the University took place in the recent past. The last incident took place on 17th June, 1991. The matter is, therefore, not of any recent occurrence and is devoid of the urgency required of an adjournment motion. It is barred under Rule 75(a) and

(c). The matter raised can appropriately be discussed through a motion under Rule 194 but not through an adjournment motion. Anyway Sir, these were the technical grounds.

جناب چیئرمین : توکیا انہوں نے یہ deny کیا ہے کہ یہ بات ہوئی ہی نہیں۔

Syed Tasneem Nawaz Gardezi: Yes. I would just read the explanation from the University.

جناب چیئرمین : جی، پڑھ دیں۔

سید تسنیم نواز گردیزی : انہوں نے کہا ہے کہ۔

"in the recent past no armed clash took place in the campus. However, an incident of an armed clash occurred on 17th June, 1991 between IJT and PSF student groups. One student received injury and some glass panes of the doors, windows and TV sets of the University were damaged. The case was accordingly reported to the University Discipline Committee and FIR against the accused persons was also registered by the Secretariat Police under Act 324 Amendment Ordinacne 1990. The case is under trial by the court. This is also subjudice and it can not be taken up here.

جناب چیئرمین : جی، بہرہ ور سعید صاحب، یہ کہتے ہیں کہ آپ نے کوئی specific واقعہ quote نہیں کیا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب والا! میں کیا عرض کر سکتا ہوں۔ اگر ایک بات ان کے نوٹس میں نہیں ہے۔ تاہم میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ انہوں نے یہ بات اخبارات میں ضرور پڑھی ہوگی۔ اب چونکہ ان کو وزارت کی طرف سے ایک پیپر دیا گیا ہے اس لئے اب وہ ان کے behalf پر یہ کہہ رہے ہیں کہ ایسا واقعہ نہیں ہوا ہے البتہ وہ خود convinced ہیں کہ ہاں یہ واقعہ رونما ہوا ہے۔ میری طرف سے یہ بات ایسے ہی ہے جیسے سورج کو چراغ دکھانا ہے۔ جناب والا! وہاں armed clash ہوا ہے یہ تو وہ مانتے ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ کہتے ہیں کہ 91-6-17 کو ہوا ہے۔ پانچ مہینے پہلے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : یہ الگ بات ہے کہ یہ واقعہ 91 کو ہوا ہے یا 92 کو ہوا

ہے میں کہتا ہوں کہ اس تاریخ کو بھی یہ واقعہ ہوا ہے۔ لیکن جناب والا! یہ تو ایک ایسا معاملہ ہے کہ جس کے نتیجے میں آپ دیکھ رہے ہیں کہ سال میں کتنے مہینے ہمارے تعلیمی ادارے بند رہتے ہیں۔ یہ کیوں بند رہتے ہیں۔ یہ ان طلبا کی وجہ سے بند رہتے ہیں جن کو باقاعدہ کچھ پارٹیوں نے بھرتی کر کے چھوڑا ہوا ہے۔ ان کو راشن وغیرہ دیتے ہیں اور وہ اپنے مقاصد کے لئے سٹوڈنٹس کو استعمال کرتے ہیں۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ تو ایسا معاملہ ہے کہ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اس کو از خود ایوان میں پیش کریں۔ اس پر بحث کریں۔ یہ واقعہ آپ کے گھر میں بھی ہو سکتا ہے، میرے گھر میں بھی ہو سکتا ہے۔ یہ کسی جگہ بھی ہو سکتا ہے۔ خدا کے واسطے، ان پر رحم کیجئے۔ یہ اس کی اس لئے مخالفت نہ کریں کہ یہ بہرہ ور سعید نے پیش کیا ہے۔ بے شک اس کو کوئی دوسرا شخص پیش کرے لیکن مہربانی کر کے اس پر بحث کی جائے یہ بہت ہی اہم معاملہ ہے اس کا ملک کی سلامتی اور مستقبل کے ساتھ تعلق ہے، coming generation کے ساتھ تعلق ہے۔ جناب میں کیا عرض کروں۔ آپ بھی سمجھتے ہیں، ہم بھی سمجھتے ہیں۔ Why they are taking shelter behind technicalities. It is no justice Sir. It is absolutely unjustice. He should not take shelter behind technicalities if there is any. We are here and they should have confidence on us. We are here to help them, we are here to guide them, why do they not allow us to discuss this matter. This is an extremly important matter.

<u>جناب چیئرمین</u>: بہرہ ور سعید صاحب! یہ آپ کی بات درست ہے کہ واقعی یہ معاملہ اہم ہے۔ ہماری یونیورسٹیز میں armed clashes کا معاملہ، پھر وہاں ہتھیاروں کا جمع ہونا صحیح نہیں ہے۔ وہاں پر ایسے ماحول میں اکیڈیمک ٹیسٹ بھی نہیں ہو سکتے، recent reports یہ ہیں۔ یہ مسئلہ واقعی یہاں آنا چاہئے لیکن بطور ایڈجرنمنٹ موشن کے، وہ deny کرتے ہیں کہ ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا ہے۔ لہٰذا مجھے تو ان کی یہ بات منظور کرنا پڑے گی لیکن آپ اس کو قاعدہ 194 کے تحت قائداعظم یونیورسٹی پر موشن لے آئیں۔ اس کو اس صورت میں discuss کیا جا سکتا ہے۔ I think that will be more appropriate قاعدہ 194 کے تحت قائداعظم یونیورسٹی پر موشن لے آئیں۔، ٹھیک ہے جی۔

<u>اخونزادہ بہرہ ور سعید</u>: ٹھیک ہے جی۔

جناب چیئرمین : تواس کوپھر ہم ایڈمٹ نہیں کرتے ہیں ' موشن کولے آئیں۔

Akhunzada Behrawar Saeed: Sir, I will not press it but I do protest because this is an extraordinary important matter.

جناب چیئرمین : جہاں تک اہمیت کاسوال ہے ' آپ کی بات درست ہے۔ لیکن کوئی طریقہ کار ہوتا ہے ' اس لئے آپ اسے اس طریقہ سے لے آئیں۔ I think it is a national problem and it needs to be discussed.

اخونزادہ بہرہ ور سعید : اچھی بات ہے جی۔

جناب چیئرمین : آپ کی بات بالکل صحیح ہے۔ and I think you have brought to notice of the House an important national problem regarding violence in the educational institutions and lack of proper atmosphere for students to carry on their normal academic activities, that is why it is very important matter.

جناب چیئرمین : اگلا آئیٹم پروفیسر خورشید صاحب کا ہے لیکن ان کی درخواست آئی ہے کہ ان کے جو موشنز ہیں وہ ڈیفر کئے جائیں کیونکہ وہ لاہور جارہے ہیں۔ اچھا جی

Next is item No. 3, Ch. Amir Hussain Sahib.

Syed Abdullah Shah: Mr. Chairman, Sir, I had moved a privilege motion about the bomb blast in the house of Syed Dildar Hussain, MPA. I don't know....

(*interruption*)

جناب چیئرمین : وہ مجھے دیکھنا پڑے گا I really don't know. لیکن بم بلاسٹ اگر وہاں ہوا ہے تو یہ صوبائی مسئلہ نہیں ہو گا۔ Anyhow we will look into it. جی یہ پڑھ دیں آئیٹم نمبر3

ORDINANCE *RE*: INDUS RIVER SYSTEM AUTHORITY—LAID

Syed Tasneem Nawaz Gardezi: I beg on behalf of Ch. Amir Hussian, Minister for Parliamentary Affairs—

> "to lay before the Senate the Indus River System Authority Ordinancne, 1992 (I of 1992), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: It stands laid.

(*interruption*)

Mr. Chairman: No, it is not for consideration. You are right. He is just laying it on the table of the House.

جناب چیئرمین : اب اور کچھ کرنا ہے؟

In fact, we have got time today, if there is anything else you want to raise.

(*interruption*)

Mr. Chairman: Right. We take it as zero hour.

میاں عبدالستار لالیکا : جی جناب فرمائیے سر میں نے کل پروفیسر خورشید صاحب کے ایک سوال کا جواب فلور آف دی ہاؤس پہ دیا تھا اس کے بعد چونکہ میرے سوالات ختم ہو گئے تو میں یہاں سے چلا گیا میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ اس کے بعد پروفیسر صاحب کو کوئی تازہ انفارمیشن آئی اور اس کے اوپر پروفیسر صاحب نے یہاں کوئی سٹیٹمنٹ issue کی اور یہ بھی کہا کہ انہیں طلب کیا جائے۔ آپ جب چاہیں مجھے طلب کریں میں حاضر ہوں۔ لیکن I want to set the record right. جناب اس کے متعلق انہوں نے کہا کہ یہ میرے پاس پاکستان ٹائمز کی clippings ہیں کہ ہم نے پاکستان ٹائمز کے اندر Fifth Wage Board Award کو ہم نے لاگو نہیں کیا۔ جناب میں پھر یہ کہتا ہوں کہ پاکستان ٹائمز کے اندر اسے لاگو کیا گیا ہے۔

کاش! پروفیسر خورشید صاحب جو بڑے پڑھے لکھے آدمی ہیں وہ اس کے بارے میں تھوڑی سی تحقیق کر لیں۔ یہ صرف انہوں نے ایوارڈ دیا ہے وہ 18 جون 1991ء کو دیا ہے لیکن انہوں نے اس ایوارڈ کو 15 اپریل 1990ء سے مؤثر کیا ہے۔ اب اس میں ہوا کیا؟ کہ جون کے بعد جو ہم نے تنخواہیں دینی شروع کیں پاکستان ٹائمز کو' وہ تو ایوارڈ کے مطابق تھیں جو ایوارڈ نے increase دیا اس کے مطابق ہم نے تنخواہیں دیں لیکن جو اس سے پہلے کے وقت کا انہوں نے ایوارڈ دیا تو اس میں صرف جو increase آیا وہ as arrear ابھی موجود ہے اس کے متعلق میری یہ گزارش ہے کہ اس وقت PPL نے 3 کروڑ 90 لاکھ روپے جو ہیں وہ advertisers سے وصول کرنے ہیں اور 28 لاکھ روپے انہوں نے News Agents سے recover کرنے ہیں۔

ہماری صرف یہ استدعا تھی کہ یہ ریکوری وہاں سے ہو جائے اور پھر ہم وہ بقاجات ادا کر دیں گے۔ پھر انہوں نے کہا کہ تنخواہیں نہیں دی جا رہیں۔ جہاں تک اس بات کا سوال ہے ہم نے پہلی دسمبر تک جو low paid employees ہیں ان میں بھی ماشاء اللہ ساڑھے چار ہزار روپے تک کے جو employees ہیں ان کی تنخواہیں ہم نے clear کر دی ہیں۔

ہم اس ویج بورڈ ایوارڈ کو implement کر رہے ہیں۔ لیکن اس کا وہ حصہ جو انہوں نے 15 اپریل 1990ء سے شروع کیا ہے اور جو بقایا جات ہیں اس سے ہم بھاگ نہیں رہے ہیں ہم وہ دیں گے لیکن آپ کو اپنی فنانشنل پوزیشن بتانا چاہتا تھا اور جو پروفیسر صاحب نے یہاں کہا کہ نہیں کیا ہے' mis-statement دی ہے' لہٰذا یہ بات آپ کے علم میں لانا تھی اور یہ ضروری تھا۔

<u>جناب چیئرمین</u>: شکریہ جی لالیکا صاحب! میں کل ایک reception پہ گیا ہوا تھا وہاں اتفاق سے مجھے پریس ٹرسٹ کے فوٹو گرافرز اور کچھ اور لوگ ملے' انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ تین مہینے سے تنخواہ نہیں ملی ہے تو یہ ایک انسانی مسئلہ ہے آخر ان بیچاروں کے پاس اتنا اثاثہ نہیں ہوتا کہ وہ بغیر تنخواہ کے اتنے مہینے گزارہ کر سکیں۔ میرا

خیال ہے کہ اس پر دیکھ لیں کہ ان بیچاروں کے لئے کچھ نہ کچھ relief ہو جائے خاصی تکلیف میں معلوم ہو رہے تھے یہ کل رات کا واقعہ ہے So, I thought, I will bring it to your notice. جی سید عباس شاہ صاحب۔

سید عباس شاہ : میں یہی بات کر رہا تھا کہ تین مہینے اسلام آباد اور چار مہینے سے لاہور میں کام کرنے والے ملازم کو آپ سوچیں کہ اگر ایک ماہ تنخواہ نہ ملے تو اس کے بچے بھی سکول جاتے ہیں اور دیگر اخراجات ہوتے ہیں تو اس کے لئے مشکلات ہو جاتی ہیں یا تو ان ملازمین کو گولڈن ہینڈ شیک دے کر فیصلہ کر لیں جیسے طریقہ کار ہے اور ان کے سینئر صحافی اس پر تیار ہیں to leave this system میرا خیال ہے کہ extraordinary ظلم ہو گا تو منسٹر صاحب خود بھی ان کو realize کرتے ہوں گے but there should be some solution to be found out and a very quick one, Sir.

جناب بوستان علی ہوتی : جناب معزز منسٹر نے اپنی سٹیٹمنٹ میں کہا ہے ستمبر تک ساڑھے چار ہزار روپے تنخواہ تک ادائیگی کر دی ہے لیکن ایسا نہیں ہوا ہے جی۔

جناب چیئرمین : نہیں وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ lowpaid employees جو ہیں ان کو کر دی ہے لیکن اوپر والوں کو نہیں کی۔ This is what he is saying.

میاں عبدالستار لالیکا : جناب میں پھر آپ سے استدعا کروں گا کہ میری ہمدردیاں عباس شاہ صاحب سے بڑھ کر ان کے ساتھ ہیں میں ان کے لئے روتا ہوں لیکن کاش! اس ہاؤس کے ممبر یہ بھی realize کریں کہ جن لوگوں نے یہ تین کروڑ 90 لاکھ روپے recover کرنے ہیں وہ بھی انہی کے لوگ ہیں اور جو ریکوری انسپکٹرز ہیں وہ بھی ان کے لوگ ہیں۔ جنہوں نے 28 لاکھ روپے recover کرنے ہیں وہ ریکوری انسپکٹرز بھی انہی کے لوگ ہیں۔ ہمیں تو آپ کہہ لیں لیکن کبھی تو آپ کو جرنلسٹ ملتے ہیں انہیں یہ بھی کہیں کہ اپنے ranks کے اندر بھی خود احتسابی کا جذبہ پیدا کریں اور اس کی بات کریں۔ ہم یہ پیسہ اپنی جیب میں نہیں ڈالنا چاہتے ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ پیسہ ان کے لئے خرچ ہو لیکن اگر ہم نے حقیقت سے نظریں چرالیں تو پھر یہ ادارے اور چیزیں اچھی نہیں چل سکیں گی۔

پاکستان ٹائمز کو ہم قائم رکھنا چاہتے ہیں اور اس کو ترقی دینا چاہتے ہیں کیونکہ اس کی پیشانی کے اوپر بابائے قوم حضرت قائداعظم کا نام آتا ہے لیکن ہمیں ان ساری چیزوں کا بھی سدباب سوچنا ہے۔

جہاں تک حضور والا! اس میں سوال ہے کہ ہم اس میں کیا کریں P.P.L. کو ہم ماہانہ 22 لاکھ روپے تک subsidise کر رہے ہیں اب اس سے بڑھ کر ہم کیا کر سکتے ہیں اور یہ 22 لاکھ روپیہ حکومت کی جیب سے جا رہا ہے۔ اگر یہ ہاؤس پاس کرتا ہے کہ ٹھیک ہے لوگوں کے ٹیکسوں کا پیسہ جو دوائیوں پہ اور لوگوں کی فلاح کے اوپر خرچ ہونا ہے اگر ہم نے اس کو اس طریقے سے drain کرنا ہے تو I am ready to do that. You are empowered. You are the people in power you can do it. لیکن یہ بھی میں کہوں گا کہ میں حقائق آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں کہ وہاں یہ صورتحال بھی ہے۔ شکریہ!

<u>سید عباس شاہ</u> : جناب میں وزیر صاحب کی اس جذباتی تقریر کی ضرورت محسوس نہیں کر رہا تھا اس موقع پر، We want some solution and always there are financial solutions. یہ جس انداز اور طریق سے یہ بات ہو رہی ہے اس کا حل یہ نہیں ہے۔ Sir, we should sit quietly, the Government should sit queitly with them. Find a solution if somebody has to be removed, if someone has to be suffered.......
اور اس نے کوئی غلطی کی ہے تو اس آدمی کو پکڑنا چاہئے اگر ایک نائب قاصد ہے اور اس کو آپ کہیں کہ جی آپ کو اس لئے سزا دے رہا ہوں کہ وہ recoveries نہیں ہو رہی ہیں کیونکہ ایم ڈی نے یہ کیا ہوا ہے۔ Then those people should not suffer. It should not be taken as a sentimental speech in the House but there should be, we want and we request that there should be a settlement and a proper settlement so that this prestigious newspaper should start functioning and I know that this Minister of ours has the capability to make it run as a successful paper.

جیسا کہ ساری مشکلات کے باوجود اور سارے اعتراضات کے باوجود ہمارے سعید قادر صاحب نے پرائیویٹائزیشن کی۔ he is selling those difficult units and

bringing out money from the pockets of the people to buy those sick units. اور یہی سسٹم یہاں بھی adopt کرنا چاہئے۔

Thank you very much and I don't want to discuss it further, Sir.

(*interruption*)

Mian Abdus Sattar Laleka: I hope he (Syed Abbas Shah) had registered one point, he has quoted a Naib Qasid. I have already told that we have already settled the dues of the low-paid employees.

Mr. Chairman: Yes, please Syed Faseih Iqbal.

سب کی بات سن لیں پھر جواب دیں۔ جی جناب فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال : میں جناب ! اپنے منسٹر صاحب کے اس اعلان کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ کہ ان کو بڑا احساس ہے اور یہ تنخواہ دینا چاہتے ہیں اور دے رہے ہیں، ایک چیز ضرور ہے۔ ہم ایک ایسے ایوان میں ہیں جس میں سب کا سیاست سے ضرور تعلق ہے۔ یہ اخبارات کا قصور نہیں تھا۔ مارشل لاء میں ان اخبارات پر کس نے قبضہ کیا تھا۔ اور آج تک ان اخبارات کو ان کے مالکان کے حوالے نہیں کیا گیا۔ کیا یہ کم ظلم ہوا ہے۔ آپ اس ملک میں پریس کو آزادی سے پنپنے نہیں دیتے۔ اور پھر سرکاری کنٹرول۔ ہر گورنمنٹ نے پیسہ لیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ پچھلی حکومت نے بھی غلط کیا، اس سے پچھلی حکومت نے بھی غلط کیا اور ہم بھی وہی غلطی کر رہے ہیں۔

بات یہ ہے کہ بغیر کام کئے لوگوں کو تنخواہ دینا کس حکومت کا کام ہے۔ یہ کسی جمہوری حکومت کا کام نہیں ہے۔ لیکن ہمارے یہاں یہ پریکٹس ہے کہ دس دس سال سے ایسے پراجیکٹس بنے ہوئے ہیں۔ آپ ان کو چلانے کے لئے پیسہ نہیں دیتے۔ قرضہ لے کر تنخواہیں دیتے ہیں۔ یہ افسوسناک بات ہے۔ ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہئے کہ یہ پرچے جو پھل پھول رہے تھے ان کو کیوں آپ نے قبضے میں لیا۔ اس لئے کہ ان کا تعلق آزاد پریس سے ہے۔ آج "امروز" کی موت ہوئی۔ کسی ادارے کی موت بہت بڑی موت ہے۔ یہ اس لئے بند ہو گیا کہ اسے نہیں چلایا جاسکا۔ اس میں ہماری حکومتوں نے مداخلت

کی۔ اسی وجہ سے آج سے پندرہ سال پہلے سب نے اپنے mandate میں یہی کہا کہ ہم پریس ٹرسٹ کو توڑیں گے۔ یہ پہلی حکومت ہے جس نے توڑ کر دکھایا ہے۔ ہمیں بالکل احترام ہے۔ لیکن آپ انہیں پرانے مالکان کو دیں۔ آپ Morning News ان کو دیں۔ آدم جی جن سے آپ نے لیا تھا۔ اب جو بھی پوزیشن ہو۔ اب اگر گزشتہ حکومتوں نے کوئی غلطی کی آج اسے کوئی حکومت تو صحیح کرے گی اب یہ آپ کے ذمے ہے اور اسے اسی طرح سے حل کریں گے کہ ان کے جتنے ادارے ہیں' میں بالکل اس سے متفق ہوں کہ اس میں اب وہ Journalists نہیں رہے۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اب حکومت پیسہ دے رہی ہے تو کیوں ہم وصول کریں۔ یہ فرض ہے ان کا۔ لیکن آپ کا بھی یہ فرض ہے کہ اس کا فیصلہ فوراً کریں۔ فیصلہ کرنے میں تین سال لگتے ہیں۔ پھر نئی حکومت آ جاتی ہے۔ پھر اسے چلاتے ہیں اور ہر حکومت یہی کہتی ہے کہ ہم آزاد پریس چاہتے ہیں۔ جب آپ کا یہ mandate ہے۔ آپ کا یہ اصول ہے تو میں خیر مقدم کرتا ہوں کہ آپ یہ کرنا چاہتے ہیں لیکن کر کے دکھائیں۔ جس طرح آپ نے ابھی ؟مارننگ نیوز' کے dues دیئے ہیں۔ آپ نے ؟مشرق' کے dues دیئے ہیں۔

اب اس میں یہ مسئلہ ہے کہ یہ اخبارات کا قصور نہیں ہے۔ یہ حکومتوں کا قصور ہے۔ وہ اخبار کو نہیں چلنے دیتی۔ نیوز پرنٹ کا مسئلہ' اشتہاروں کا مسئلہ۔ لہٰذا اس مسئلہ کو آپ rationally سوچئے۔ جن لوگوں کے dues ہیں انہیں دیجئے اور جہاں تک وصولی ہے۔ مجھے یہ علم ہے کہ حکومت کے جتنے محکمے ہیں'۔ 90 فی صد حکومتی اُداروں کے ذمے ہیں۔ سب سے پہلے حکومت اپنے dues دے۔ آپ یہی کہیں گے کہ فنانس منسٹری پر آپ کا کنٹرول نہیں ہے۔ یعنی جتنے اس وقت اے جی پی آر کے بلز ہیں اس میں پاکستان ٹائمز بھی ہے۔ کیونکہ سب سے بڑا recepient یہ ہے حکومت اس کو اشتہارات دیتی ہے۔

اس کے علاوہ جناب چیئرمین میں آپ کے نوٹس میں لاؤں گا کہ اب ٹی وی نے پھر ہمارے سینٹ کے ساتھ مذاق کرنا شروع کر دیا ہے۔ پرسوں کے خبرنامے' میں' جو آپ کا بہت important national issue اسرائیل کی recognition پر

جس میں عابدہ حسین کا بیان منسٹر صاحب نے پڑھ کر سنایا اور میرے خیال میں یہ official statement تھا۔ اس کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ ہم کبھی بھی پی ٹی وی کو یہ اختیار نہیں دیتے کہ پارلیمنٹ کی خبروں کے بارے میں وہ اپنا pick and choose کریں۔ یا وہ خبریں دیں یا وہ بالکل بائیکاٹ کریں۔ یہ ایک عجیب چیز ہو گئی ہے۔ کہ جب کچھ ہو تو ہم ان کو request کریں۔ آخر یہ public exchequer سے جاتا ہے اس کا بھی فرض ہے کہ ایوان کے تقدس کا خیال رکھنے۔ میں آپ سے پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ they are taking serious. ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ جب بھی کوئی بات ہوتی ہے اپنی مرضی سے جو چاہیں۔ اگر تحریک التواء آ سکتی ہے تو کیا call attention notice نہیں آ سکتا تھا۔ اس لئے کہ عابدہ حسین کا بیان ضروری تھا تاکہ لوگوں کو پتہ چلے۔ اسے لوگ exploit کر رہے ہیں۔ سفیر نے یہ بیان نہیں دیا اور انڈین پریس نے misquote کیا ہے۔ جب ایوان میں یہ بات آئی تھی تو ٹی وی پر اسے اسی حالت میں نشر کرنا ضروری تھا۔ اب placement of news میں پارلیمنٹ کا اٹھارواں نمبر ہے یا بائیسواں نمبر ہے پہلے نمیبیا کا دکھائیں گے پھر دکھادیں گے افریقہ کی wild life کا تب آپ کا موقع آئے گا۔ آپ دیکھئے پہلے پارلیمنٹ کا ہونا چاہئے۔ ٹھیک ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ پرائم منسٹر صاحب کا ہمیں احترام ہے۔ ہمارے لیڈر آپ دی ہاؤس ہیں۔ آخر وہ پارلیمنٹ کے بھی وزیراعظم ہیں۔ پھر وہ پارلیمنٹ کی خبروں کو کیوں placement میں اٹھارواں اور بائیسواں نمبر دیتے ہیں۔ یعنی جب sports کے وقت خبر ختم ہونی ہوتی ہے۔ صرف اس لئے کہ بھئی یہاں شور ہوتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ منسٹر صاحب، جو خود ہماری قومی اسمبلی کے ممبر ہیں اور مشہور parliamentarian ہیں۔ ان کو سوچنا چاہئے۔ وہ پارلیمنٹ کے تقدس کا خیال رکھیں۔ اور یہ کیوں ہو کہ ان سے میں request کروں کو یہ خبر آ رہی ہے۔ یہ ان کا فرض ہے اور اگر یہ نوٹس نہیں لیتے تو ہم اس کمیٹی میں ان کو censure کریں گے پھر ہم کہیں گے کہ آئندہ سے کوئی خبر پارلیمنٹ کی نہ دیں۔

<u>جناب گلزار احمد خان</u> : جناب چیئرمین! منسٹر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اس سے دو تین چیزیں واضح ہوتی ہیں۔ ایک تو انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اخبارات کے

اشتہارات کے بقایاجات کی وصولی نہیں ہو رہی۔ میں یہ عرض کروں گا کہ جن لوگوں کو تین چار مہینے سے تنخواہیں نہیں مل رہیں تو کیا یہ شرط ساتھ لگائی گئی ہے کہ اگر یہ وصولی نہیں ہو گی تو ان کو تنخواہ نہیں ملے گی۔

دوسری بات انہوں نے یہ فرمائی ہے کہ میرے اختیار سے باہر ہے۔ کیونکہ انہوں نے فرمایا ہے کہ میں اتنا کچھ نہیں کر سکتا۔ یہ تو وہ مثال ہو گئی کہ ایک فقیر نے کسی کو کہا کہ ایک روپیہ دے دو تو اس نے کہا نہیں ہے۔ پھر اس نے کہا اچھا آٹھ آنے دے دو۔ اس نے کہا نہیں ہیں۔ اس نے کہا اچھا چار آنے دے دو۔ اس نے کہا نہیں ہیں۔ اس نے اس کا ہاتھ پکڑا اور کہنے لگا کہ چلو پھر اکٹھے چل کر مانگتے ہیں تم یہاں کیا کر رہے ہو۔

جناب! تیسری بات یہ ہے کہ جو units بک رہے ہیں اس کی solution اس طرح بھی ہو سکتی ہے کہ کسی اچھے businessman پر قائداعظم کے نام کو یا کسی کو دے دیا جائے کیونکہ اخبار کی پیشانی قائداعظم کی بات بھی انہوں فرمائی ہے تو کسی اور کو یہ اخبار دے دیا جائے، کوئی ایسی بری چیز تو نہیں ہے وہ اسے چلا سکتے ہیں۔ solution اس طرح بھی ہو سکتی ہے۔

<u>اخوانزادہ بہرہ ور سعید</u> : میں گزارش یہ کروں گا کہ لالیکا صاحب نے "پاکستان ٹائمز" کا نام لیا اور ساتھ فرمایا کہ چونکہ اس کے اوپر قائداعظمؒ کا نام ہے Founded by Quaid-e-Azam بڑی ہمدردی ہے۔ میں مشکور ہوں۔ اس وقت میں طالبعلم تھا جب اسکا پہلا پرچہ نکلا اور میں نے بھی اسکے بیچنے میں حصہ لیا۔ لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آخر "پاکستان ٹائمز" یا اور اس قسم کے اخبارات ہوں گئے جنہیں ٹرسٹ کے اخبارات کہتے ہیں۔ انہیں میرے خیال میں اشتہارات یا نہیں دیئے جاتے یا بہت کم دیئے جاتے ہیں۔ ایسے کیوں ہے۔ اگر ؟ پاکستان ٹائمز' واقعی پیارا ہے تو اس کے ساتھ پیار کرنا چاہئے اسے بھوکا نہیں رکھنا چاہئے۔ اسی طرح اور journalists ہیں انہیں واقعی پیارے ہیں اور صحافت کو وہ زیادہ اہمیت دیتے ہیں تو پھر یہ گلزار صاحب کی بات ٹھیک ہے کہ وصولی نہیں ہو گی تو کیا تنخواہ نہیں دیں گے۔ بات وہی ہے۔ پشتو میں مثال ہے گدھا چلے گا، کمائی ہو گی تو کھائیں گے نہیں چلے گا تو نہیں کھائیں گے اگر آپ مہربانی کرتے ہیں تو پاکستان پر ذرا زیادہ توجہ دیجئے۔

جناب چیئرمین : جی جناب حسن شیخ صاحب۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Will the Minister can give us the figure of what arrears government has to pay to 'Pakistan Times'? He should give that figure and, I think, it is almost 75 per cent.

جناب چیئرمین : وہ بھی پوچھتے ہیں جی مندوخیل صاحب۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل : میں عرض کروں گا کہ منسٹر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے وہ بھی درست ہے۔ ہمارے جرنلسٹوں کی جو تنخواہیں بند ہیں یہ بھی افہا تفہیم سے طے ہو جائیں۔ تا کہ اخبارات اور جرنلسٹوں کے dues صحیح طریقے سے تقسیم ہو جائیں دوسری بات یہ ہے کہ کل وزیر اعظم کے کہنے پر پاکستان میں یہاں بہت بڑی ہڑتال ہوئی کشمیر کے حق میں۔ کشمیر کا مسئلہ بھی بہت بڑا ہے۔ اگر اسے اس ایوان میں اٹھایا جائے اور اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین : تو اٹھائیں اسے۔ موشن دیں۔ میرے خیال میں یہ آیا ہوا ہے۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل : جناب یہ بہت بڑا مسئلہ ہے۔ قومی مسئلہ ہے۔ ہمارے وزیر اعظم صاحب کے اعلان پر تمام ملک نے ہڑتال کی۔ پاکستان کی تاریخ میں ایسی ہڑتال نہیں ہوئی۔ اور یہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین : یہ ہمارے پاس آیا ہوا ہے۔ جی جناب عباس صاحب۔

سید عباس شاہ : جناب چونکہ آپ نے free time دیا ہے۔

جناب چیئرمین : پہلے ایک مسئلہ ختم کر لیں۔ جی بوستان علی ہوتی صاحب۔ پھر اس کے بعد دوسرا شروع کرتے ہیں۔

جناب بوستان علی ہوتی : جناب والا ! honourable Information Minister نے پہلے پاکستان ٹائمز' اور دوسرے اخبارات کے لئے فنانشل کمی کی وجہ سے بڑی تفصیلی statement اس ایوان کو دی ہے۔ ہمیں پہلے دیانت داری سے ملک کو دیکھنا ہے۔ recovery کے بارے میں ہم نہیں سوچتے۔ تنخواہوں کے بارے میں کہتے ہیں۔ ہم بھی اس کے حق میں ہیں۔ جیسا کہ آپ نے کہا۔ کل رات کو آپ کو کسی نے شکایت کی۔ ہم سے بھی لوگوں نے شکایات کی ہیں ہمیں بھی لوگوں نے لکھ کر دیا ہے۔

لیکن جناب جیسا کہ منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ سود پر قرض لے کر ان کو ادائیگیاں کرتے رہے ہیں تو جب recovery نہیں ہو گی تو یہ سلسلہ کیسے چلے گا۔ ہمیں اس بات پر غور کرنا چاہیئے۔ اپنی خبریں چھپوانے کے لئے صرف one sided story نہیں بتانی چاہیئے۔ اگر معزز وزیر نے کوئی statement دی ہے تو اسے جذبات کی رو سے نہیں دیکھنا چاہئے۔ انہوں نے ایک حقیقت بیان کی ہے اور میں منسٹر صاحب کی تائید کرتا ہوں کہ پہلے ایک کمیٹی بنانی چاہئے recovery میں یہی افراد ہیں۔ سٹاف کے ڈیپارٹمنٹ کے افراد کون ہیں ایڈیٹر جنرل یا اس کے انچارجوں کو اس بات کا خیال کرنا چاہئے کہ recovery نہیں آئے گی تو جناب ابھی آپ نے یا سینٹ یا ایوان نے ان کو تنخواہ دلا دی۔ جیسا کہ honourable Minister نے کہا ہے کہ آپ جیسے کہیں گے میں کروں گا۔ یہ سلسلہ کب تک چلتا رہے گا۔

جناب بوستان علی ہوتی: لیکن ہمیں اس بات کے لئے ایک کمیٹی بنا کر غور کرنا چاہئے اور اس پر کہنا چاہیئے کہ ان کو recovery کا باقاعدہ جیسا کہ ہمارے ایک معزز سینٹر نے کہا بالکل conditional ہونی چاہیئے کہ پچاس لاکھ کی تنخواہ ہو رہی ہے اور ایک کروڑ کی recovery ہو جائے چاہے حکومت کا محکمہ ہو یا پرائیویٹ ادارے ہوں recovery کرانا بھی اسی عملے کا فرض ہے۔

سید اشتیاق اظہر: جناب وزیر صاحب نے وعدہ فرمایا ہے کہ اس معاملے پر ہمدردی کے ساتھ غور کریں گے اور تنخواہوں کی ادائیگی کے معاملے میں پوری کوشش ہو گی لیکن جیسا کہ ابھی فصیح اقبال صاحب نے کہا واقعی یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ 'امروز' جیسا ادارہ ختم ہو گیا اور یہ وہ ادارہ ہے جس سے بڑے بڑے نامور صحافی فیض احمد فیض ' چراغ حسن حسرت جیسے لوگ وابستہ تھے۔ میں نے بھی اس ادارے میں چار سال کام کیا تھا تو اس قسم کا المیہ اگر 'پاکستان ٹائمز' کے ساتھ پیش آیا تو بہت ہی افسوسناک بات ہو گی میری تجویز یہ ہے جیسا کہ ابھی فصیح اقبال صاحب نے کہا کہ یہ تمام ادارے اگر اصل مالکان کو واپس کر دیئے جائیں تو اس میں کیا مضائقہ ہے اگر یہ واپس ہو جائیں گے تو نہ صرف یہ کہ زندہ رہیں گے اور حکومت کے کنٹرول میں نہیں ہوں گے تو ان کی ہر دلعزیزی بھی بڑھے گی اور اس طرح سے ملک جو ہے ملک کے اچھے بہترین اخبارات سے اور اچھے بہترین صحافیوں

کی خدمات سے بھی استفادہ کرتا رہے گا میری درخواست یہ ہے کہ اس تجویز پر غور کیا جائے اور یہ تمام اخبارات جو ہیں ان کے اصل مالکان کو واپس کر دیئے جائیں تا کہ ان کی زندگی برقرار رہے آزادی صحافت کا بھی اس میں بھلا ہو گا صحافیوں کا بھی بھلا ہو گا اور ملک کا بھی بھلا ہو گا۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : اس کے بارے میں جناب والا ! ایک تو تنخواہ کا مسئلہ ہے جو کہ واقعی بہت سنجیدہ ہے بڑا مشکل ہے کہ لوگ جو ہیں اپنا گزارہ کریں یہ بہت اہم ہے اور دوسرا مسئلہ recovery کا ہے بہر صورت اہم نکتہ یہ ہے کہ 'پاکستان ٹائمز' اور 'امروز' تو ہم جانتے ہیں کہ ملک کے بہت اہم اخبارات تھے ان کا ایک بڑا وقار تھا اور اسی لئے وہ کمائی بھی کر سکتے تھے لیکن اس دوران میں جیسا کہ فصیح اقبال صاحب نے فرمایا مارشل لاء اور وفاق نے جب ان کو واپس لیا تو ان اخبارات کا وقار جو ہے ان کا اعتماد جو ہے وہ عوام میں ختم ہوا یعنی وہ کمائی نہیں کر سکتے یہ اپنی جگہ پر۔ اصل میں اخبارات ابھی ہمارے پاس 'مسلم' اخبار ہے 'فرنٹیر پوسٹ' 'دی نیوز' اخبار ہے لیکن ایسا ہے کہ یہ اخبارات اپنے لئے کمائی بھی کر رہے ہیں اور وہ بہت کچھ بنا سکتے ہیں لیکن ان اخبارات کا آپ یہ سمجھیں ایک parasite لگ گیا ہے جو نہیں پنپ سکتے۔

ایسے مسئلہ میں واقعی صحافی حضرات نے سب سینٹرز کو پارلیمنٹ کے ممبران کو تمام تفصیلات بھی دی ہیں تو پہلی ہماری تجویز ہے جناب والا ! ہم اس کی حمایت کرتے ہیں کہ ان کو تنخواہ دی جائے اور یہ مسئلہ بالکل حل کیا جائے اور دوسری بات' پتہ نہیں صحافی حضرات اور دوسروں کی کیا رائے ہو' میں یہ عرض کروں گا کہ یہ جو نج کاری ہو رہی ہے جس کا کم از کم میں تو نج کاری کا قائل نہیں ہوں کیونکہ وہ صرف لوٹ رہے ہیں لیکن اگر نج کاری ہو رہی ہے پھر ایسے اداروں کو کیوں آپ اصل مالکان کو نہیں دینا چاہتے یعنی ان کو آپ دے دیں' ورنہ یہ ایک parasite کی حیثیت سے کبھی پنپ نہیں سکیں گے تو میں کم از کم اس میں یہی تجاویز چاہتا دینا ہوں' آپ کی مہربانی۔

Mr. Chairman: Anybody else on the newspaper issue. Yes, Dr. Rehan Sahib.

ڈاکٹر محمد ریحان : جناب عرض یہ ہے کہ یہ پاکستان ٹائمز 'اور امروز' اخبارات ہیں ان کو progressive papers کہتے تھے اور ان کا بڑا وقار تھا اور بہت لوگ انہیں بڑے شوق سے پڑھتے تھے لیکن جب ایوب خان کے مارشل لاء میں ان کو take over کیا گیا اس کے بعد سے ان کو زوال آنا شروع ہو گیا اب مجھے یاد پڑتا ہے کہ جب ایوب خان کے خلاف تحریک چلی تھی تو DAC اس وقت جو بنی تھی اس میں تقریباً موجودہ سینٹ کے ایوان کے کئی ممبران صاحبان ہیں جو کسی نہ کسی پارٹی سے وابستہ تھے اور اس DAC میں شامل تھے ان کے منشور میں اہم بات یہ تھی کہ ٹرسٹ سے یہ اخبارات لے کر مالکان کو واپس کئے جائیں گے۔ یہ ایک بڑا دیرینہ مطالبہ تھا میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ایک کمیٹی مقرر کی جائے جو اس معاملے پر غور کرے تاکہ یہ اصل مالکان کو واپس ہو جائیں اس طرح سے مارشل لاؤں کی باقیات ختم ہو جائیں گی۔

جناب چیئرمین : پرانے مارشل لاء کی بات کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان : اس وقت مارشل لاؤں کی بنیاد رکھی گئی تھی لیکن اب وقت آچکا ہے اور خدا کرے کہ یہ جمہوریت کا درخت پھلے پھولے اور ترقی کرے میرے خیال میں یہ نیکی کا کام بھی ضرور ہونا چاہئے اور اس کے ساتھ ساتھ صحافیوں کی تنخواہیں وغیرہ ادا کی جائیں half hearted measures نہ کریں symptomatic treatment کی بجائے مرض کی radical treatment ہونی چاہئے یہ نہیں کہ پیٹ میں درد ہوا ٹیکہ لگاؤ مکسچر دو' گولی دو' یہ نہیں ہے جی۔

جناب چیئرمین : آپ کا ڈاکٹر ہونا فائدہ مند ثابت ہوا۔

ڈاکٹر محمد ریحان : شکریہ جی' تیسری بات جو عبدالرحیم خان صاحب نے کہہ دی ہے کہ privatization کے اس دور میں یہ بڑا مناسب رہے گا کہ ان کو بھی اپنے مالکان کے حوالے کر دیا جائے اور اس میں تو یہ نہیں ہے کہ گورنمنٹ سیکٹر میں تھیں یا پبلک سیکٹر میں قائم ہوئی تھیں ان کو اصلی مالکان کے حوالے کرنا میرے خیال میں ایک بڑا نیک کام ہو گا۔

جناب گلزار احمد خان : جناب والا! میں ایک عرض کروں گا کہ اس کے چلانے کے متعلق جیسا کہ ڈاکٹر صاحب فرما رہے ہیں اس کی پالیسی پر تھوڑی سی نظر ثانی فرمائیں کیوں

کہ یہ اخبار قطعاً حکومت کو criticise نہیں کرتے اگر تھوڑا سا criticise کریں ان کو criticise کرنے کی اجازت دے دی جائے کیوں کہ انہیں پابند کر کے رکھا ہوا ہے اگر تھوڑی سی اجازت دے دی جائے کہ وہ حکومت کو بھی criticise کریں تو میرے خیال میں یہ اخبارات زیادہ فروخت ہوں گے ان کی circulation بہت زیادہ اچھی ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین : دیکھیں اگر یہ حکومت کو criticise کرنا شروع کر دیں تو حکومت کون سا اخبار پڑھے گی۔

سید فصیح اقبال : ان کی اپنی حکومت کے ساتھ بھی یہی تھا۔

جناب چیئرمین : جی وزیر صاحب۔

Mian Abdul Sattar Laleka: Should I sum it up?

Dr. Muhammad Rehan: Please don't be sentimental.

Mian Abdul Sattar Laleka: No Sir, no, I would not be sentimental.

Mr. Chairman: Please go on.

میاں عبدالستار لالیکا : جناب گلزار احمد خان صاحب میرے دوست ہیں ہمارا ذاتی تعلق بھی ہے اگر criticise کرنے کے اوپر ملازمین کی تنخواہیں مل سکتی ہیں تو میں ان سے مودبانہ گزارش کروں گا کہ سب سے زیادہ ہمیں criticise مساوات' کرتا ہے اس کی پانچ مہینے کی تنخواہیں یہ ادا کر دیں۔ جناب والا! جہاں تک اس مسئلہ کو بیٹھ کر حل کرنے کا تعلق ہے ڈاکٹر ریحان صاحب نے کمیٹی کا کہا نج کاری کے اوپر بھی ہماری کمیٹی موجود ہے جس کو جنرل سعید قادر صاحب head کر رہے ہیں اور Information Broadcasting کی کمیٹی بھی موجود ہے جس کو میرے محترم فاضل دوست سید فصیح اقبال صاحب head کر رہے ہیں We will discuss this matter in the committees. لیکن میں تھوڑے سے figures آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ

at this time

"The Pakistan Times" is employing 724 people, 'Muslim' is employing 176, 'Nation' is employing 143 and the 'Business Recorder' is employing 137. Whereas their circulations, because we have an understanding with the CPNE and APNS, therefore, we don't disclose their circulation figures but roughly I would say that the circulation of the other newspaper is many a times more.

یہ تو حقائق ہیں میں سمجھتا ہوں کہ بعض میرے محترم سینئر حضرات کی طرف سے بڑی اچھی تجاویز آئی ہیں مجھے توقع ہے کہ فصیح اقبال صاحب کمیٹی کی meeting convene کریں گے اور وہاں اگر چاہیں گے تو میں ان اخبارات کے جو Chief Executives ہیں ان کو بھی بلا لوں گا تاکہ جہاں آپ ہماری کھینچائی کرتے ہیں ذرا ان سے بھی پوچھیں کہ ان کی کارکردگی کیا ہے دوسری بات یہ ہے جناب کہ اشتیاق اظہر صاحب بڑے پرانے صحافی ہیں وہ ان صحافیوں کی کلاس میں سے ہیں جو بڑے منجھے ہوئے ہیں بلکہ میں تو یہ کہوں گا

جو بادہ کش تھے پرانے اٹھتے جاتے ہیں
کہیں سے آب بقائے دوام لا ساقی

تو یہ اس کلاس میں سے ہیں امروز' کا افسوس انہیں بھی ہے ہمیں بھی ہے لیکن مشکل اس میں یہ تھی کہ امروز' کی سرکولیشن جو تھی وہ تقریباً تین چار ہزار رہ گئی تھی ملازمین اس کے تین ہزار تھے حکومت ہر مہینے ستائیس لاکھ روپیہ اس کو دے رہی تھی لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہم نے ان تین سو ملازمین کو جب فارغ کیا تو تقریباً پونے چار کروڑ (تین کروڑ ستر لاکھ روپیہ) ان کے واجبات ادا کر کے انہیں فارغ کیا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے اسی طریقے سے ہم روزنامہ دی پاکستان ٹائمز ' کو چلانا چاہتے ہیں جہاں تک میرے بھائی گلزار صاحب کا کہنا ہے انشاء اللہ تعالیٰ میری طرف سے "دی پاکستان ٹائمز" کے اوپر کوئی ایسی پابندی نہیں رہے گی۔ باقی آپ نے بھی اس مہینے کیا کیا وہ یہ ہاؤس جانتا ہے وہ جانتے ہیں اور لوگ جانتے ہوں گے۔ بڑی مہربانی!

جناب چیئرمین : شکریہ عباس شاہ صاحب آپ کچھ اور مسئلہ اٹھانا چاہ رہے تھے۔

Syed Abbas Shah: Sir, I was moving it.

پچھلے دو مہینے یا تین مہینے earlier ہم نے ایک ہائی وے ایکٹ پاس کیا تھا۔ It was passed by the National Assembly. The issue was raised بعض وقت ایسی مشکلات آ جاتی ہیں That we feel some difficulties in the Bills or Ordinances or Acts which are passed by the National Assembly اس میں کچھ ایسی چیزیں آ جائیں جو کہ remove کرنی چاہیئں یا اس کی ترمیم کری چاہیئے گورنمنٹ کی کچھ ایسی مصلحتیں تھیں کہ اس وقت اس کو پاس کرنے کی ضرورت تھی لیکن اس میں کافی ایسی چیزیں تھیں جن کی correction ہونی چاہیئے ہماری ایک کمیٹی بلائی گئی اس میں ہم بیٹھے وزیر صاحب اور سیکریٹری صاحب گورنمنٹ کی سائیڈ سے بیٹھے۔ They promised that within the next 15 days we will bring another corrected Bill جیسا کہ illicit arms پر تھا جو کہ اس میں کمی بیشی ہے اس کو ہم پوری کریں گے یہی بات میں نے پرائم منسٹر صاحب سے جس وقت illicit arms پر بات ہو رہی تھی اس وقت میں نے کہا The Minister has promised to correct that Bill. آج ہمارے ملک میں بہت بڑی ہائی ویز اور شاہراہیں بن رہی ہیں اور جو خامیاں ہیں ہم اس کو محسوس کر رہے ہیں۔ and after one or two months if we have to bring another Act it will be much delayed and we would not be able to remove those difficulties جس میں روڈز پر encroachments ہیں یا دوکانیں بنتی ہیں یا ان کو روکنا ہے یا روڈ پر جیسے toll tax collection کی چونگیاں ہیں نیشنل ہائی وے پر سٹی کے بعد چونگیاں قائم ہوئی ہیں جس سے ٹریفک مکمل طور پر بلاک ہو جاتی ہے ان چیزوں کو روکنے کے لئے وہاں سے remove کرنے کے لئے alternative ایسی چیزیں ہیں اور آج انڈس ہائی وے نے موٹروے پر کام شروع کر دیا ہے۔ اسلام آباد لاہور ہائی وے پر کام شروع ہے۔

So, it is very important and I think for that Act

جیسا کہ گورنمنٹ نے ہمارے ساتھ وعدہ بھی کیا so instead of moving as a Privilege motion میں کہتا ہوں آج اس کو take-up کیا جائے۔

جناب چیئرمین : وہ وزیر صاحب موجود نہیں ہیں۔

سید عباس شاہ : ایک وزیر تو ہے۔

Mr. Chairman: He can only convey it to the concerned Minister. I think there was some understanding کہ اس کی درستی کی جائے گی۔

So, please convey this to the concerned Minister.

Yes, please Abdullah Shah Sahib.

Syed Abdullah Shah: As regards the amendments in that Act, I was not called for the meeting but in the House the Minister approached me that it is in the national interest that this Bill should be passed immediately. I am still waiting that this will be taken up as soon as possible but the Minister has simply forgotten about it. So, I will request that the Minister may be reminded.

Mr. Chairman: We will remind him.

Yes, please Shahzad Gul Sahib.

جناب شہزاد گل : یہ آرڈیننس جو ہے (Indus River Authority) اس میں water accord کا ذکر بھی ہے جو ایک متنازعہ مسئلہ بن گیا ہے اگر وہ کوئی secret document نہ ہو تو یہ ہاؤس جاننا چاہے گا کہ اس واٹر اکارڈ کی کاپی ممبران کو مہیا کی جائے تاکہ اس کی interpretation پر آج کل اخبارات میں..............

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ تو اخبارات میں آچکا ہے۔

Syed Abbas Shah: Sir, it has been circulated publicly.

Mr. Chairman: It has been circulated.

Syed Abbas Shah: Now, it is a public document.

جناب شہزاد گل : پورا نہیں آیا اب اس کی ایک کاپی آرڈیننس کے ساتھ ممبران کو مہیا کی جائے۔

جناب چیئرمین : ایک کاپی وزارت متعلقہ سے منگوالیں۔

Now, we adjourn the House.

اخونزادہ بہرہ ور سعید : کیوں کہ یہ Indus Treaty کے متعلق ہے کیا یہ بہتر نہیں ہو گا کہ گورنمنٹ ہمیں enlighten کرے کالاباغ کے مسئلے پر کیا مشکلات ہیں کیا یہ اس کو آگے لے جانا چاہتے ہیں کیا اس کو shelve کرنا چاہتے ہیں کیا اس کے لئے کوئی alternative پروگرام ہے اس سے صوبوں میں تلخیاں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ گورنمنٹ کے مفاد میں بھی نہیں ہے یہ ملک کے interest میں بھی نہیں ہے یہ مسئلہ اس قسم کا ہو گیا ہے اب یہ Indus Treaty کا مسئلہ آ گیا ہے اس کو بھی زیر بحث لایا جائے اس کی نقول بھی ہمیں دی جائیں۔ ایوب خان نے جو سارے دریا بیچ دیئے ان کو بھی ہمارے سامنے لانا چاہئے یہ کالاباغ کا جو مسئلہ ہے اس سے روز بروز تلخی پیدا ہوتی ہے بہتر یہ ہو گا اس کو زیر بحث لایا جائے۔ ہمیں گورنمنٹ بتا دے کیا کرنا چاہئے کون کون سے alternatives ہیں۔

جناب چیئرمین : اچھا۔ اتوار کو کتنے بجے meet کرنا ہے۔

معزز اراکین چار بجے شام کو۔

Mr. Chairman: So, this House then is adjourned to meet again on Sunday, 9th of February, 1992, at 4.00 p.m.

[*The House then adjourned to meet again at four O'clock in the evening on Sunday, the 9th February, 1992*].

PCPPI—75(96) Senate—11-4-96—180.